بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | **پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن وتجوید** | **کل نمبر: ۱۰۰**

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول --- قرآن

سوال نمبر1:۔

درج ذیل میں سے کسی چھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ ۶x۱۰=۶۰

(۱) ختم اللہ علی قلوبہم وعلی سمعہم وعلی ابصارہم غشاوۃ ولہم عذاب عظیم○

(۲) وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا بسورۃ من مثلہ وادعوا شہداءکم من دون اللہ ان کنتم صدقین○

(۳) واقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ وارکعوا مع الرکعین○اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتب افلا تعقلون○

(۴) ام تریدون ان تسئلوا رسولکم کما سئل موسی من قبل ومن یتبدل الکفر بالایمان فقد ضل سواء السبیل○

(۵) الذین اتینہم الکتب یتلونہ حق تلاوتہ اولئک یؤمنون بہ ومن یکفر بہ فاولئک ہم الخسرون○

(۶) فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون○یایہا الذین امنوا استعینوا بالصبر والصلوۃ ان اللہ مع الصبرین○

(۷) واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان فلیستجیبوا لی ولیؤمنوا بی لعلہم یرشدون○

(۸) ومنہم من یقول ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار ○ اولئک لہم نصیب مما کسبوا واللہ سریع الحساب○

سوال نمبر2:۔

درج ذیل میں سے کسی دس الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۱۰

(۱) خالصۃ (۲) عفوا (۳) بشری (۴) فریق (۵) امانیہم (۶) خائفین (۷) عدل (۸) العکفین (۹) حنیفا

(۱۰) خطوۃ (۱۱) ذو عسرۃ (۱۲) القیوم (۱۳) غرفۃ (۱۴) اصرا

حصہ دوم --- تجوید

سوال نمبر3:۔

درج ذیل میں سے کسی دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت سپرد قلم کریں۔ ۳x۵=۱۵

(۲) متحرک کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ اصول مخارج کتنے اور کون کونسے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔ ۵+۱۰=۱۵

(۳) میم ساکن کے کتنے اور کون کونسے قاعدے ہیں مع تعریفات وامثلہ وضاحت کریں۔ ۱۵

2 پرچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: حدیث و عربی ادب | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اول کے دونوں سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ۔۔۔ حدیث

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کسی تین احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ ۳x۱۵=۴۵

(۱) عن ابن عمر رضی اللہ عنہما ان رسول اللہ ﷺ قال امرت ان أقاتل الناس حتی یشھدوا ان لا الہ الا اللہ و ان محمدا رسول اللہ ویقیموا الصلاۃ ویؤتوا الزکاۃ فاذا فعلوا ذلک عصموا منی دماءھم وأموالھم الا بحق الاسلام وحسابھم علی اللہ تعالی۔

(۲) عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ أن رسول اللہ ﷺ قال من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیقل خیرا أو لیصمت و من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیکرم جارہ و من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ۔

(۳) عن ابی عبد اللہ جابر بن عبد اللہ الانصاری رضی اللہ عنہ ان رجلا سأل النبی ﷺ فقال أ رأیت اذا صلیت المکتوبات وصمت رمضان وأحللت الحلال وحرمت الحرام ولم أزد علی ذلک شیئا أأدخل الجنۃ؟ قال نعم۔

(۴) عن ابی ثعلبۃ الخشنی جرثوم بن ناشر رضی اللہ عنہ عن رسول اللہ ﷺ قال ان اللہ فرض فرائض فلا تضیعوھا وحد حدودا فلا تعتدوھا وحرم أشیاء فلا تنتھکوھا وسکت عن أشیاء رحمۃ لکم غیر نسیان فلا تبحثوا عنھا۔

سوال نمبر 2:۔ اربعین کے مصنف کا لقب اور نام تحریر کریں۔ ۵

حصہ دوم ۔۔۔ عربی ادب

سوال نمبر 3:۔ (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ جملوں کا اردو میں ترجمہ لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(۱) ھذہ بقرۃ سوداء (۲) ھذہ طفلۃ علیم (۳) ھذا لوح طارق (۴) ألفعد علی الکرسی

(۵) صدیقی یدخل فی غرفتی (۶) زید یصلی فی المسجد (۷) الجدۃ ضعیفۃ

(ب) درج ذیل میں سے کسی تین الفاظ کو مفید عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۳x۵=۱۵

(۱) القلم (۲) الکتاب (۳) الورق (۴) المسجد (۵) الماء (۶) الضیف

سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ مذکر کی مؤنث اور مؤنث کے مذکر تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(۱) ملک (۲) طفلۃ (۳) دجاجۃ (۴) خالۃ (۵) خائن (۶) البنت

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں۔ ۳x۵=۱۵

(۱) یہ پھل ہے۔ (۲) یہ کھجور ہے۔ (۳) کیا تم ٹکٹ لیتے ہو؟ (۴) وہ میری گیند ہے۔ (۵) وہ اس کا دوست ہے۔

سوال نمبر 5:۔ (الف) کوئی سے پانچ رنگوں کے عربی میں نام لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(ب) درج ذیل میں سے کسی تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۳x۵=۱۵

(۱) ھل أقرء فی کتابی؟ (۲) ھل صدیقہ یکتب؟ (۳) ھل انت تقوم؟ (۴) ھل ھو یدخل؟

(۵) ھل تنام فی المھد؟

پرچہ نمبر 3

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | **تیسرا پرچہ: عقائد و فقہ** | کل نمبر: ۱۰۰

دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ـــ عقائد

سوال نمبر 1: (الف) اللہ تعالیٰ کے "قدیر"، "خالق" اور "رازق" ہونے کے بارے میں اپنا عقیدہ تحریر کریں۔ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) نبی کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ کیا کوئی آدمی عبادت کے ذریعے مقام نبوت حاصل کر سکتا ہے؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 2: (الف) قرآن مجید یکبارگی نازل ہوا یا تھوڑا تھوڑا؟ بصورت ثانی کتنے عرصے میں نازل ہوا؟ نیز بتائیں کہ اس کی نازل ہونے والی آیتوں اور سورتوں کی موجودہ ترتیب کس طرح دی گئی؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) تدبیر تقدیر کے منافی ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اپنے عقیدے کی وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: قیامت کی علامات کبریٰ کا مفہوم اور ان میں سے کسی تین کی وضاحت تحریر کریں۔ ۴+۷+۷+۷=۲۵

حصہ دوم ـــ فقہ

سوال نمبر 4: (الف) فرض، واجب اور حرام قطعی میں سے ہر ایک کی تعریف تحریر کریں۔ ۳×۵=۱۵

(ب) کسی عضو کے دھونے اور مسح کرنے کا مفہوم بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) غسل کی سنتیں کل کتنی ہیں؟ ان میں سے کوئی دس تحریر کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) اذان دینے کی فضیلت میں کوئی دو احادیث مبارکہ سپرد قلم کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 6: (الف) کوئی سے پانچ ایسے عذر تحریر کریں جن کی وجہ سے جماعت ترک کرنے پر ان شاء اللہ کوئی مؤاخذہ نہ ہوگا۔ ۵×۳=۱۵

(ب) بچے کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ہدایات مختصراً تحریر کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے	چوتھا پرچہ: صرف	کل نمبر: ۱۰۰

آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) لفظ مفرد کی اقسام مع تعریفات و امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۳x۵=۱۵

(ب) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں۔ ۳x۵=۱۵

سوال نمبر 2: (الف) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں ہر ایک کی تعریف اور مثال تحریر کریں۔ ۳x۵=۱۵

(ب) صحیح، مہموز، مضاعف اور ناقص میں سے کسی تین کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۳x۵=۱۵

سوال نمبر 3: (الف) فَتَحَ یَفْتَحُ سے فعل مضارع مثبت معلوم کی صرف کبیر مع معنی و صیغہ تحریر کریں۔ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) امر حاضر معلوم کی صرف کبیر مع معنی و صیغہ سپرد قلم کریں۔ ۵+۵+۵=۱۵

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے چار صیغوں کی صرفی وضاحت کریں۔ ۴x۵=۲۰

لَا یَسْمَعُ سَمِعْتُ لَمْ نَفْتَحْ تَسْمَعِنَّ لَا تَحْسِبْ مَنْصُوْز

(ب) درج ذیل میں سے کسی چار کی عربی لکھیں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) تم سب عورتوں نے سنا (۲) تو ایک عورت نے مدد کی (۳) وہ سب عورتیں جانتی ہیں۔

(۴) ہم سب نے مارا۔ (۵) تم دو عورتیں ضرور کھولو۔ (۶) تم سب عورتیں سنو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے — **پانچواں پرچہ: نحو** — کل نمبر: ۱۰۰

آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) مرکب مفید، جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کی تعریفات اور مثالیں بیان کریں۔ ۳x۵=۱۵

(ب) جملہ کی صفاتی اقسام میں سے کسی تین کی تشریح لکھیں۔ ۳x۵=۱۵

سوال نمبر 2: (الف) علامات اسم مع امثلہ قلمبند کریں۔ ۱۵

(ب) درج ذیل میں سے جملہ فعلیہ اور جملہ اسمیہ الگ الگ کر کے ان کی ترکیب کریں۔ ۳x۵=۱۵

(i) زَيْدٌ كَاتِبٌ (ii) قَامَ عَمْرٌو (iii) اَلطَّعَامُ لَذِيْذٌ

سوال نمبر 3: (الف) مبنی الاصل کتنی اور کون کونسی چیزیں ہیں؟ نیز مبنی الاصل سے مشابہت کی کوئی تین صورتیں تحریر کریں۔ ۳+۱۲=۱۵

(ب) اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی کل کتنی اقسام ہیں؟ آپ ان میں سے صرف جمع مکسر منصرف اور اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب مع امثلہ لکھیں۔ ۵+۵+۵=۱۵

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے کسی چار اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) معرب (۲) اسمائے اشارہ (۳) مفعول مطلق

(۴) غیر منصرف (۵) مفعول لہ (۶) مونث حقیقی

(ب) تابع کی تعریف کریں نیز اس کی اقسام کے نام مع امثلہ بیان کریں۔ ۵+۱۵=۲۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طالبات سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | **چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان** | کل نمبر: ۱۰۰

سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔ جنرل سائنس

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل اصطلاحات سے کسی دو کی وضاحت کریں۔ ۲x۵=۱۰

(۱) کیمسٹری (۲) زوالوجی (۳) زراعت (۴) جیوگرافی

(ب) مندرجہ ذیل فقرات تحریر کر کے ان میں سے درست کے سامنے "ص" اور غلط کے سامنے "غ" لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(۱) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔ (۲) کتاب الناظر البیرونی کی تصنیف ہے۔

(۳) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔ (۴) تپ دق لا علاج مرض ہے۔

(۵) کیبل ٹی وی میں الیکٹریکل سگنلز کو ریڈیو ویوز میں بدلا جاتا ہے۔

سوال نمبر 2: قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر آیا ہے آپ اس کی وضاحت دو آیات قرآنیہ سے کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3: دماغی بیماریوں کی اقسام کے بارے میں آپ کیا جانتی ہیں؟ مختصراً بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4: ٹیلی ویژن کیسے کام کرتا ہے؟ اس بارے میں مختصراً وضاحت کریں۔ ۱۵

حصہ دوم۔۔۔ مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5: (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(۱) اسلامی حکومت کی بنیاد ------- نے رکھی۔ (۲) دو قومی نظریہ کے خلاف سازش کی ابتداء ------- نے کی۔

(۳) تحریک خلافت ----- کی بغاوت تھی۔ (۴) قرارداد پاکستان ------- شہر میں منظور کی گئی۔

(۵) مولوی فضل حق کا تعلق ------- کے علاقہ سے تھا۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۵x۲=۱۰

(۱) دو قومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟ (۲) برصغیر میں اشاعت اسلام کا سب سے پہلا سبب کیا تھا۔

(۳) انڈین نیشنل کانگریس کب قائم کی گئی؟ (۴) 1956ء کا آئین کب اور کس نے منسوخ کیا؟

(۵) ایسے دو علماء کا نام بتایئے جنہوں نے قرارداد لاہور کے موقع پر شرکت کی۔

سوال نمبر 6: انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں۔ ۱۵

سوال نمبر 7: آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے مقاصد واضح کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 8: مسلم لیگ کی حمایت میں علماء ومشائخ کے کردار کی وضاحت کریں۔ ۱۵